سوال

(886) حدیث قدسی اور عام حدیث میں کیا فرق ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حدیث قدسی اور عام حدیث میں کیا فرق ہے اور ان کی تعریفات کیا ہیں حدیث قدسی اور قرآن پاک میں کیا فرق ہے کیا حدیث قدسی کے الفاظ و معانی دونوں اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں جبکہ قرآن پاک کے الفاظ اور معانی تو دونوں اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں کیا ان میں فرق متلو اور غیر متلو کا ہے اس کے علاوہ حدیث قدسی کے مقابلہ میں قرآن پاک کو کون کون سے امتیاز حاصل ہیں ؟ حافظ محمد فاروق تبسم تقویۃ الاسلام لاہور

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں اگر اس اعتبار کو ملحوظ رکھا جائے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قائم اور ان سے صادر ہے تو قدسی حدیث بھی نبوی ہے ، اگر اس اعتبار کو ملحوظ رکھا جائے کہ وہ من جانب اللہ ہے تو حدیث نبوی بھی قدسی ہے اور اگر اس اعتبار کو ملحوظ رکھا جائے کہ حدیث میں بصراحت ووضاحت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اللہ تبارک وتعالیٰ سے روایت کرنے کا ذکر ہے یا نہیں تو پہلی صورت میں حدیث قدسی اور دوسری صورت میں حدیث نبوی ۔ حدیث قدسی میں الفاظ کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہونا ضروری نہیں جبکہ آیت قرآن میں الفاظ کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہونا ضروری ہے ۔جمال الدین قاسمی رحمہ اللہ کی کتاب قواعد التحدیث کا مطالعہ فرمائیں ؟

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص565

محدث فتویٰ